آپ کا ردِعمل کیسا ہو؟

جب آپ کے ساتھ یا آپ کے ماتحت کام کرنے والے آپ کو اپنے کام کے بارے میں بتاتے ہیں تو آپ کا ردعمل ان کی مستقبل کی کارکردگی پر اثرانداز ہوتا ہے۔

آپ کے پاس چار متبادل صورتیں ہیں۔ آپ موقع و محل کے اعتبار سے ان میں سے کوئی ایک یا ان کی کوئی مشترک صورت اختیار کر سکتے ہیں۔

خاموشی اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ چاہتے ہیں کہ صورت حال فی الوقت جوں کی توں رہے۔ اس سے کام کرنے والے کا آپ پر اعتماد کمزور پڑ سکتا ہے' اس کی کارکردگی خراب ہو سکتی ہے ○

تنقید آپ توقع اور معیار سے کم تر امور کی نشاندہی کرتے ہیں تاکہ ان کا اعادہ نہ ہو۔ اس سے کام کرنے والے کے ساتھ تعلقات پر اچھا اثر نہیں پڑتا لیکن اسے آپ کی مرضی وضاحت سے معلوم ہو جاتی ہے۔ اس کا اعتماد بے جا تنقید سے مجروح ہو سکتا ہے ○

مشورہ آپ نتائج پر توجہ مرکوز کراتے ہیں اور اسے مستقبل میں اصلاح کے لیے مفید مشورے دیتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اس کا اعتماد بڑھتا ہے' کارکردگی بھی بہتر ہو سکتی ہے اور تعلقات پر بھی اچھا اثر پڑتا ہے۔ رویے اور کردار میں تبدیلی کے لیے یہ بہتر راستہ ہے ○

تعاون آپ کام کا جائزہ لیتے ہوئے عملی تعاون کی پیش کش کرتے ہیں۔ مطلوبہ نتائج اور معیار کے حصول کے لیے مثبت طور پر شریک ہوتے ہیں۔ اس طرح اس کا اعتماد بڑھتا ہے۔ کارکردگی بھی یقینی طور پر بہتر ہوتی ہے اور آیندہ کے لیے تحریک بھی ملتی ہے ○

آپ کا ردعمل کس موقع پر کیا ہو' اس کا فیصلہ آپ خود کریں

سنابل العلم

(عطیہ اشتہار)